**13.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

--------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے احمدآباد کے ہوائی جہاز کے گِرنے کے حادثے کے المیے سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔

☆ احمدآباد میں طیارے کے گِر کر تباہ ہونے کے واقعے کی تحقیقات جاری ہے۔ جائے حادثے سے بلیک باکس برآمد کیا گیا ہے۔

☆ DGCA نے، Genx انجنوں سے لیس بوئنگ 787-8/9 طیارے سے متعلق، اضافی تحفظاتی معائنہ کرنے کیلئے ایئر انڈیا کو ہدایت جاری کی ہیں۔

☆ اسرائیل نے ایران کی نیوکلیائی سہولیات اور اعلیٰ فوجی لیڈروں پر ہوائی حملے کئے ہیں۔ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے اسرائیل کو شدید ترین سزا کیلئے خبردار کیا ہے۔

☆ اور شمال مشرقی بھارت میں گرمی کی لہر جاری ہے۔ IMD نے کرناٹک، کیرالہ، تمل ناڈو اور مہاراشٹر میں، اگلے تین دنوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Gujarat Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج گجرات میں احمدآباد سول اسپتال کا دورہ کیا اور ایئر انڈیا کے طیارے کے گِر کر تباہ ہونے میں زخمی ہونے والوں سے ملاقات کی۔ اس حادثے میں 241افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔ وزیر اعظم نے راحت اور بچاؤ کی جاری کوششوں کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ حکام کے ساتھ احمدآباد ہوائی اڈّے پر ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت بھی کی۔

بعد میں سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ احمدآباد میں ہوئے اِس ہوائی حادثے سے ملک صدمے سے دوچار ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس طرح کے اچانک اور دِل دہلانے والے حادثے میں اتنی ساری زندگیوں کا جاں بحق ہونا الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔

وزیر اعظم نے اِس ہوائی حادثے میں بچنے والے واحد فرد وشواش کمار رمیش سے بھی ملاقات کی جو بھارتی

نژاد برطانوی باشندے ہیں اور جن کا اِس وقت ایک مقامی اسپتال میں علاج ہو رہا ہے۔ بعد میں جناب رمیش نے پرسار بھارتی کے نمائندے کے ساتھ اِس ہولناک تجربے کو شیئر کیا۔

S/B Vishwash Kumar Ramesh

وزیر اعظم نے جہاز کے گِر کر تباہ ہونے والے مقام کا بھی دورہ کیا اور کہا کہ تباہی کا منظر انتہائی ہولناک ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ اُن لوگوں کیلئے دعا گو ہیں جنھوں نے اِس ناقابل تصور حادثے میں اپنی جانیں گنوائی ہیں۔

## Plane Carash Investigation

احمدآباد میں طیارے کے گِر کر تباہ ہونے کے المناک حادثے کی تحقیقات جاری ہے۔ فورینسک کے ماہرین تفصیلی معائنہ کرنے کیلئے آج جائے حادثہ کا دورہ کر رہے ہیں۔ پولیس کے ذرائع کے مطابق جائے حادثہ سے ایک بلیک باکس برآمد کیا گیا ہے۔ اس سے قبل گجرات کے انسدادِ دہشت گردی کے اسکواڈ ATS نے اسی مقام سے ایک ڈیجیٹل صوتی ریکارڈر برآمد کیا ہے۔ جہاز کے گِر کر تباہ ہونے کی اصل وجہ کا ابھی تک پتہ نہیں چلا ہے، کیونکہ فورینسک تجزیہ اور مزید تکنیکی مطالعات کا انتظار ہے۔ خبر ہے کہ اِس المیے کے بعد اطراف کے علاقے سے بہت سے مقامی رہائشی افراد لاپتہ ہیں۔ اُن کا پتہ لگانے کیلئے تلاشی کی کارروائیاں اِس وقت جاری ہیں۔x

## DGCA AIR India Inspection

شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے ایئر انڈیا کو ہدایت دی ہے کہ وہ احمدآباد میں طیارے کے گِر کر تباہ ہونے کے بعد، احتیاطی اقدام کے طور پر، Genx انجنوں سے لیس بوئنگ 787-8/9طیارے کا اضافی تحفظاتی معائنہ کرے۔ DGCA نے کہا کہ یہ معائنہ اس کے متعلقہ علاقائی دفتروں کے ساتھ تال میل سے فوری طور پر کیا جانا چاہیئے۔ ایک بیان میں DGCA نے کہا کہ ایندھن کے پیرامیٹر کی نگرانی، الیکٹرانک انجن کنٹرول کرنے کے نظام کی آزمائش، انجن کے ایندھن سے چلنے والے Actuator کی آپریشن جاتی آزمائش اور اڑان بھرنے کے پیرامیٹر کا جائزہ لینا، پرواز کے روانہ ہونے سے قبل ایک ہی وقت میں کئے جانے چاہئیں۔x

## PM Vijay Rupani

وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا، جن کی احمدآباد کے حالیہ فضائی حادثے میں المناک موت ہوگئی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ انہوں نے کچھ دشوار حالات میں جناب روپانی کے ساتھ کندھے سے کندھے ملاکر کام کیا تھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ بہت ہی منکسر المزاج اور محنتی تھے اور پارٹی کے نظریات کے تئیں مضبوطی سے عہد بستہ تھے۔ x

## Air India Flight Another Survivor

جب قسمت تیز اور المناک رُخ اختیار کرتی ہے، تو حالات میں ہونے والی چھوٹی سی بھی تبدیلی، زندگی اور موت کے درمیان فرق واضح کرتی ہے۔ یہ بات کَل کے طیارے کے المناک حادثے میں سامنے آئی ہے۔ پیش ہے ایک رپورٹ......

VC Swati

گجرات کے بھروچ کی رہنے والی بھومی چوہان اسی طرح کے حالات میں تبدیلی سے بچنے والے چند مسافروں میں سے ایک ہیں۔ ان کی ایئر انڈیا کی وہ پرواز چھوٹ گئی تھی جو کَل گِر کر تباہ ہوگئی۔ بھومی اور اُن چند دیگر افراد کی کہانی، جنھیں اُس پرواز پر سوار ہونا تھا، اس بات کی یاد دہانی کراتی ہیں کہ اُن کو اُسی طرح کے قسمت کا سامنا کرنا تھا اور یہ کہ حادثے کا شکار ہونے اور بچنے میں کتنا کم فرق ہوتا ہے۔ محترمہ بھومی نے شیئر کیا کہ وہ احمدآباد میں ٹریفک کی وجہ سے، چیک اِن گیٹ پر دس منٹ تاخیر سے پہنچی تھیں اور انھیں جہاز پر سوار ہونے کی اجازت نہیں دی گئی تھی۔البتہ دیگر لوگ اتنے خوش قسمت نہیں تھے۔ بہت سوں کیلئے یہ سفر خوشی کا آغاز تھا۔

ایک ڈاکٹر جوڑا، امیدوں سے بھرا، برطانیہ میں خاندان کے طور پر نئی زندگی کا آغاز کرنے جا رہا تھا، لیکن اُن کے خواب اس پرواز کے المیے پر اختتام پذیر ہوگئے۔ ایک 35سالہ خاتون وڈوڈرہ میں اپنے والدین کے ساتھ اپنی صاحبزادی کو چھوڑنے کے بعد، برطانیہ واپس جارہے تھے– لیکن کیا پتہ تھا کہ وہ کبھی گھر پہنچ ہی نہیں سکیں گی۔ لندن میں اپنی چھٹیاں گزارنے کیلئے پُرجوش دو بہنیں اُس جہاز پر ہنستی مسکراتی سوار ہوئیں جو اگلا دن نہیں دیکھ سکیں۔ وہ تمام اِس پرواز پر اِس بات سے بے خبر سوار ہوئے تھے کہ اس پرواز کے اڑان بھرنے کے بعد کبھی اترنے کی باری نہیں آئے گی۔

آکاشوانی نیوز سے سواتی رکھیجا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں.........

## Bangkok Flight Emergency Landing

تھائی لینڈ کے Phuket سے ایئر انڈیا کے دلی آنے والے ایک طیارے کی، آج بم کی دھمکی ملنے کے بعد تھائی لینڈ کے ایک جزیرے میں ایمرجنسی Landing کی گئی۔ ہوائی اڈے کے ایک اہلکار نے بتایا ہے کہ طیارے میں سوار سبھی 156 مسافروں کو باحفاظت اتار لیا گیا ہے اور جہاز کی اچھی طرح جانچ کی گئی ہے۔ تاہم ابتدائی چھان بین میں کوئی دھماکہ خیز مادہ نہیں ملا ہے۔ x

## Kailash Mansarovar Yatra

امور خارجہ کے وزیر مملکت Pabitra Margherita نے آج نئی دلّی میں کیلاش مانسرور یاترا 2025 کے پہلے جتھے کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کی تقریب کی صدارت کی۔ وزیر موصوف نے یاتریوں کو اُن کے انتخابات کیلئے مبارکباد دی اور اُن کیلئے ایک محفوظ اور مکمل یاترا کرنے کی دعا کی۔ اپنے بیان میں وزیر موصوف نے، وزارتِ دفاع، وزارتِ داخلہ، بھارت–تبت سرحدی پولیس، دلّی، اتراکھنڈ اور سکم کی ریاستی سرکاروں اور نیشنل انفارمیٹکس سینٹر

جیسی مختلف وزارتوں اور محکموں کے کردار کو تسلیم کیا۔ انھوں نے یاترا کو دوبارہ شروع کرنے کیلئے تعاون دینے پر چین کی ستائش کی۔x

**Ayush Yoga**

آیوش کی وزارت کَل نئی دلّی میں ''ایک کرۂ ارض، ایک صحت'' کیلئے یوگ سے متعلق ایک ہائبرڈ عالمی چوٹی کانفرنس، یوگ کنیکٹ کی میزبانی کرے گی۔ یہ چوٹی کانفرنس یوگ کے گیارھویں بین الاقوامی دن کی تقریبات کی کلیدی رہنمائی کے طور پر منعقد کی جارہی ہے۔ اِس تقریب میں سرکردہ بین الاقوامی یوگ اداروں اور دنیا بھر سے تندرستی کی کمیونٹیز ورچوئل طور پر شرکت کریں گی، جس میں ایک ہزار سے زیادہ شرکاء یکجا ہوں گے۔ بحرین، امریکہ، برطانیہ اور جنوبی کوریا سمیت چار ملکوں سے زیادہ کے ماہرین اِس چوٹی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔x

**Forez Reserve**

بھارت کے بیرونی زرِ مبادلہ کے ذخائر میں پانچ اعشاریہ ایک سات ارب ڈالر کا اضافہ ہوا ہے اور یہ 6 جون کو ختم ہونے والے ہفتے میں 696اعشاریہ چھ ارب ڈالر ہوگئے ہیں۔ بھارت کے ریزرو بینک کے ذریعے جاری ہفتے وار اعدادی سپلیمنٹ رپورٹ کے مطابق پچھلے ہفتے کے دوران غیرملکی کرنسی کے اثاثوں میں، جو کہ ذخائر کا ایک اہم عنصر ہیں، تین اعشاریہ چار ارب ڈالر کا اضافہ ہوکر یہ 587اعشاریہ چھ ارب ڈالر سے زیادہ ہوگئے ہیں۔ سونے کے ذخائر میں ایک اعشاریہ پانچ ارب ڈالر سے زیادہ کا اضافہ ہوا جو مجموعی طور پر 85اعشاریہ آٹھ ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں۔x

**Defence Secy**

بھارت–منگولیا کی مشترکہ فوجی مشق NOMADIC ELEPHANT کا 17واں ایڈیشن آج منگولیا کے Ulaanbaatar میں اختتام پذیر ہوگیا۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امور دفاع کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ نے NOMADIC ELEPHANT مشق کے دوران بھارتی فوجیوں کی پیشہ ورانہ صلاحیت، لگن اور ان کے طرزِ عمل کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ مشق، بھارت اور منگولیا کے درمیان دوستی، باہمی اعتماد اور مشترکہ ثقافتی تعلقات کی ایک علامت ہے۔ x

**Vikram Misri China**

بھارت اور چین نے دونوں ممالک کے درمیان براہ راست فضائی خدمات پھر سے شروع کیے جانے سمیت باہمی تعلقات کو بہتر بنانے کیلئے مختلف اقدامات کو تیز کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ یہ سمجھوتہ، خارجہ سکریٹری وکرم مسری اور چین کے نائب وزیر خارجہ Sun Weidong کے درمیان ایک میٹنگ میں ہوا۔ چین کے نائب وزیر خارجہ Sun Weidong کے دو روزہ دورے پر ہیں۔ خارجہ سکریٹری نے فضائی خدمات سے متعلق تازہ سمجھوتے

کے تعلق سے جلد نتیجے تک پہنچنے کی امید کا اظہار کیا ہے۔

فریقین نے ویزا میں سہولت اور میڈیا اور دانشوروں کے درمیان تبادلوں کیلئے عملی اقدامات کرنے سے بھی اتفاق کیا۔ جناب مسری نے اِس سال کیلاش مانسرور یاترا کے پھر سے شروع کیے جانے کیلئے چین کی طرف سے تعاون کی ستائش کی۔دونوں ممالک نے اِس سال جنوری میں بیجنگ میں اپنی آخری میٹنگ کے بعد سے باہمی تعلقات میں پیش رفت کا جائزہ لیا اور اپنے تعلقات کو مزید پائیدار اور مستحکم کرنے سے اتفاق کیا اور اس بات سے بھی اتفاق کیا کہ عوامی رابطوں کو ترجیح دی جائے گی۔ x

## Israel Iran Reactions

اسرائیل کی فوج نے آج صبح سویرے ایران پر ہوائی حملے کئے ہیں جن میں ایران کی کلیدی نیوکلیائی سہولتوں کو نشانے بنایا گیا۔ ایران کی Tasnim نامی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق، رہائشی علاقوں پر حملہ کیا گیا ہے جس میں کم سے کم 50افراد زخمی ہوئے ہیں۔اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ جب تک ضروری ہوگا، یہ فوجی کارروائی جاری رہے گی۔ جواب میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے اسرائیل کو سخت ترین سزا کیلئے خبردار کیا ہے۔ اسرائیل کی فوج نے کہا ہے کہ ایران نے تقریباً 100 ڈرونز اِس کے علاقے پر فائر کئے جن میں سے بہت سوں کو ناکارہ بنا دیا گیا۔

اسی دوران، وزیر اعظم نریندر مودی کو اسرائیل کے وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے ٹیلیفون کرکے مغربی ایشیا میں ابھرتی ہوئی صورتحال سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انھوں نے بھارت کی تشویش کو شیئر کیا اور خطے میں امن اور استحکام کے جلدی بحال ہونے کی ضرورت پر زور دیا۔ بھارت نے دونوں فریقوں سے استقلال برتنے اور سفارتی چینلوں کے ذریعے ضروری معاملات کو حل کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان جاری کیا ہے جس میں اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔x

## Iran New Militry Chief

ایران کے سُپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے تہران پر اسرائیلی فضائی حملوں کے بعد، آج اہم فوجی کمانڈروں کی تقرری کی ہے۔ اِن حملوں میں کئی اہم سیکیورٹی اہلکار ہلاک ہوئے ہیں۔ جناب خامنہ ای نے عبد الرحیم Mousavi کو ایرانی مسلح افواج کے نئے چیف آف اسٹاف کے طور پر مقرر کیا ہے اور محمد Pakpour کو اسلامک پاسداران انقلاب گارڈ (IRGC Corps) اور علی شادمانی کو خاتم الانبیاء مرکزی ہیڈکوارٹر کی قیادت کیلئے منتخب کیا ہے۔

اِس سے قبل دن میں اسرائیلی دفاعی افواج نے دعویٰ کیا تھا کہ انہوں نے ایران کے تین اعلیٰ فوجی رہنماؤں کو اِن فضائی حملوں میں ہلاک کر دیا ہے، جو رات کے وقت اسلامی جمہوریہ کے مختلف شہروں میں کیے گئے تھے۔ x

**IMD Heat Wave**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے راجستھان کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اس نے کہا ہے کہ یہاں اگلے دو سے تین روز کے دوران شدید سے شدید گرمی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے IMD میں سینئر سائنسداں آر۔ کے۔ جینا منی نے کہا کہ اگلے 48 گھنٹے کے دوران جموں، ہریانہ اور مدھیہ پردیش کیلئے بھی اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دلّی میں گرمی میں تھوڑی کمی آئی ہے۔

2100 R K Jenamani

IMD نے کہا ہے کہ کونکن، گوا، کرناٹک، کیرالہ اور تمل ناڈو کے کچھ حصوں میں اگلے تین روز کے دوران موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ہے۔ x

**WTC SA Chase**

کرکٹ میں، عالمی ٹیسٹ چیمپئن شپ فائنل میں آسٹریلیا کے 207رنز بنا کر آؤٹ ہونے کے بعد Lords میں افریقہ نے تیسرے دن اپنی دوسری اننگز کا آغاز کیا۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک جنوبی افریقہ نے آسٹریلیا کے خلاف 2وکٹ پر 173رنز بنا لئے تھے۔ جنوبی افریقہ کی ٹیم کو چیمپئن شپ جیتنے کے لئے 282رنز کی ضرورت ہے۔×

☆☆☆☆☆☆